ٹاپ سٹڈی نوٹس

مطالعہ پاکستان کلاس نہم

معروضی و مختصر جوابی سوالات

اگر آپ ان ٹیسٹوں اور نوٹس پر ٹیچر، یا اپنے ادارے (سکول، اکیڈمی، کالج) کے نام اور لوگو کے ساتھ استعمال کرنا چاہتے ہیں تو آپ ہم سے رابطہ کریں اس بارے میں مکمل تفصیلات اس فال کے آخری پیج پر ہے۔

ختم نبوت ﷺ زندہ باد　　　　عظمت صحابہ زندہ باد

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ:

معزز ممبران: آپ کا وٹس ایپ گروپ ایڈ من "**اردو بکس**" آپ سے مخاطب ہے۔

آپ تمام ممبران سے گزارش ہے کہ:

- گروپ میں صرف PDF کتب پوسٹ کی جاتی ہیں لہذا کتب کے متعلق اپنے کمنٹس / ریویوز ضرور دیں۔ گروپ میں بغیر ایڈ من کی اجازت کے کسی بھی قسم کی (اسلامی و غیر اسلامی، اخلاقی، تحریری) پوسٹ کرنا سختی سے منع ہے۔
- گروپ میں معزز، پڑھے لکھے، سلجھے ہوئے ممبرز موجود ہیں اخلاقیات کی پابندی کریں اور گروپ رولز کو فالو کریں بصورت دیگر معزز ممبرز کی بہتری کی خاطر ریموو کر دیا جائے گا۔
- کوئی بھی ممبر کسی بھی ممبر کو انباکس میں میسج، مس کال، کال نہیں کرے گا۔ رپورٹ پر فوری ریموو کر کے کاروائی عمل میں لائے جائے گی۔
- ہمارے کسی بھی گروپ میں سیاسی و فرقہ واریت کی بحث کی قطعاً کوئی گنجائش نہیں ہے۔
- اگر کسی کو بھی گروپ کے متعلق کسی قسم کی شکایت یا تجویز کی صورت میں ایڈ من سے رابطہ کیجئے۔
- سب سے اہم بات:

گروپ میں کسی بھی قادیانی، مرزائی، احمدی، گستاخِ رسول، گستاخِ امہات المؤمنین، گستاخِ صحابہ و خلفائے راشدین حضرت ابو بکر صدیق، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان غنی، حضرت علی المرتضیٰ، حضرت حسنین کریمین رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین، گستاخ اہلبیت یا ایسے غیر مسلم جو اسلام اور پاکستان کے خلاف پراپیگنڈا میں مصروف ہیں یا ان کے روحانی و ذہنی سپورٹرز کے لئے کوئی گنجائش نہیں ہے لہذا ایسے اشخاص بالکل بھی گروپ جوائن کرنے کی زحمت نہ کریں۔ معلوم ہونے پر فوراً ریموو کر دیا جائے گا۔

- تمام کتب انٹرنیٹ سے تلاش / ڈاؤنلوڈ کر کے **فری آف کاسٹ** وٹس ایپ گروپ میں شیئر کی جاتی ہیں۔ جو کتاب نہیں ملتی اس کے لئے معذرت کر لی جاتی ہے۔ جس میں محنت بھی صَرف ہوتی ہے لیکن ہمیں آپ سے صرف دعاؤں کی درخواست ہے۔
- عمران سیریز کے شوقین کیلئے علیحدہ سے عمران سیریز گروپ موجود ہے۔
- **لیڈیز کے لئے الگ گروپ کی سہولت موجود ہے جس کے لئے ویریفکیشن ضروری ہے۔**
- اردو کتب / عمران سیریز یا سٹڈی گروپ میں ایڈ ہونے کے لئے ایڈ من سے وٹس ایپ پر بذریعہ میسج رابطہ کریں اور جواب کا انتظار فرمائیں۔ برائے مہربانی اخلاقیات کا خیال رکھتے ہوئے موبائل پر کال یا ایم ایس کرنے کی کوشش ہرگز نہ کریں۔ ورنہ گروپس سے تو ریموو کیا ہی جائے گا بلاک بھی کیا جائے گا۔

نوٹ: ہمارے کسی گروپ کی کوئی فیس نہیں ہے۔ سب فی سبیل اللہ ہے

0306-7163117	0343-7008883	0333-8033313
محمد سلمان سلیم	پاکستان زندہ باد	راؤ ایاز

پاکستان زندہ باد　　　　پاکستان پائندہ باد

اللہ تبارک تعالیٰ ہم سب کا حامی و ناصر ہو

باب نمبر 1 پاکستان کی نظریاتی اساس

مشقی سوالات

(حصہ اوّل۔ کثیر الانتخابی سوالات)

1۔ ہر سوال کے چار جوابات دیے گئے ہیں۔ درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

نمبر شمار	سوالات	A	B	C	D
(i)	اُردو ہندی تنازعہ کب شروع ہوا؟	1861ء	1863ء	1865ء	1867ء
(ii)	اسلام کا پہلا رُکن ہے؟	توحید و رسالت	نماز	روزہ	زکوٰۃ
(iii)	جنگ آزادی کب لڑی گئی؟	1855ء	1857ء	1859ء	1861ء
(iv)	اسلام میں اقتدارِ اعلیٰ کا مالک کون ہے؟	اللہ تعالیٰ	پارلیمنٹ	صدر مملکت	عوام
(v)	قراردادِ لاہور (23 مارچ 1940ء) میں خطبہ صدارت کس نے دیا؟	قائد اعظم	شیر بنگال اے۔کے فضل الحق	مولانا محمد علی جوہر	لیاقت علی خاں
(vi)	1930ء میں مسلمانوں کو الگ ریاست کا تصور دینے والی شخصیت ہے:	سر سید احمد خاں	چودھری رحمت علی	سر آغا خاں	علامہ محمد اقبال
(vii)	قیامِ پاکستان کس صدی کا واقعہ ہے؟	اٹھارویں	انیسویں	بیسویں	اکیسویں
(viii)	سٹیٹ بنک آف پاکستان کا افتتاح ہوا:	یکم جولائی 1948ء	5 مئی 1948ء	14 اگست 1949ء	یکم اکتوبر 1949ء
(ix)	نظریہ پاکستان کی بنیاد ہے:	اجتماعی نظام	ہندو مسلم اتحاد	ترقی پسندیت	اسلامی نظریہ حیات
(x)	لفظ پاکستان کے خالق ہیں:	علامہ محمد اقبال	سر آغا خاں	چودھری رحمت علی	سر سید احمد خاں
(xi)	علامہ محمد اقبال نے خطبہ الٰہ آباد کب دیا؟	1929ء	1930ء	1933ء	1940ء
(xii)	اسلام کا تیسرا رُکن ہے:	نماز	زکوٰۃ	روزہ	حج

(حصہ دوم)

4۔ مختصر جوابات دیں۔

سوال 1: "توحید" سے کیا مراد ہے؟

جواب: توحید و رسالت دین اسلام کا پہلا رُکن ہے۔ توحید سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ساری کائنات کا اکیلا خالق و مالک ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں اور نہ ہی کوئی چیز اس کے علم سے باہر ہے۔ اللہ کی اِس واحدانیت کا اقرار یعنی توحید کا اقرار ایمان کا بنیادی جزو ہے۔

سوال 2: ان اللہ علی کل شیءٍ قدیر کا ترجمہ لکھئے۔

جواب: ترجمہ: "بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔" اِس ترجمے کا مطلب ہے کہ کوئی شَے اللہ کی قُدرت سے باہر نہیں۔

سوال 3: عقیدۂ رسالت کا کیا مطلب ہے؟

جواب: عقیدہ رسالت کا مطلب تمام رسولوں پر ایمان لانا ہے۔ حضرت محمد ﷺ کو اللہ تعالیٰ کا آخری رسول ماننا عقیدۂ رسالت کا لازمی جزو ہے۔ ختم نبوت پر ایمان دین اسلام کا لازمی جزو ہے۔

سوال 4: نظریۂ پاکستان سے کیا مراد ہے؟

جواب: نظریۂ پاکستان قرآن و سنت کے اصولوں پر مبنی معاشرہ کی تخلیق کا نام ہے۔ پاکستان ایک نظریاتی مملکت ہے جس کی بنیاد ایک فلسفہ حیات پر استوار کی گئی ہے۔ یہ فلسفہ دین اسلام ہے۔ پاکستان کی تمام تر اساس دین اسلام ہے اور اس کا اس سرزمین پر نفاذ صدیوں تک رہا ہے۔ یہی وہ لائحہ عمل اور جذبہ ہے جو تحریک پاکستان کا موجب بنا۔ نظریۂ پاکستان اور اسلامی نظریہ حیات کو ہم معنی قرار دیا جاتا ہے۔ بلاشبہ اسلامی نظریہ حیات، نظریہ پاکستان کی بنیاد ہے۔

سوال 5: قائداعظم محمد علی جناح نے سٹیٹ بنک کا افتتاح کرتے ہوئے کیا فرمایا؟

جواب: یکم جولائی 1948ء کو قائداعظم نے سٹیٹ بنک کا افتتاح کرتے ہوئے فرمایا: "مغرب کے معاشی نظام نے انسانیت کے لئے ناقابلِ حل مسائل پیدا کیے ہیں اور یہ لوگوں کے درمیان انصاف قائم کرنے میں ناکام رہا ہے۔ ہمیں دنیا کے سامنے ایک ایسا معاشی نظام پیش کرنا چاہیے جو اسلام کے صحیح تصوّرِ مساوات اور سماجی انصاف کے اصولوں پر مبنی ہو۔"

سوال 6: علامہ اقبال نے مسلم ملت کی اساس کے حوالے سے کیا فرمایا؟

جواب: علامہ اقبال نے فرمایا کہ مسلمان اسلام کی وجہ سے ایک ملت ہیں اور ان کی قوت کا دارومدار بھی اسلام ہے۔ انہوں نے مسلم ملت کی اساس کے حوالے سے حقیقی تصّور اپنے اشعار میں پیش کیا۔

اپنی ملت پر قیاس اقوام مغرب سے نہ کر   خاص ہے ترکیب میں قوم رسول ہاشمی ﷺ

سوال 7: اُخوّت کے بارے میں حضور اکرم ﷺ کا کیا ارشاد مبارک ہے؟

جواب: حضور اکرم ﷺ کا ارشاد ہے کہ مسلمان، مسلمان کا بھائی ہے وہ اس سے خیانت نہ کرے۔ آپ ﷺ نے کینہ اور حسد سے باز رہنے کا درس دیا۔

سوال 8: قائداعظم محمد علی جناح نے قومیت کے بارے میں کیا فرمایا؟

جواب: آپ نے اس سلسلے میں فرمایا: "قومیت کی جو بھی تعریف کی جائے مسلمان اس تعریف کی رُو سے الگ قوم ہیں۔ وہ اس بات کا حق رکھتے ہیں کہ اپنی الگ مملکت قائم کریں۔"

سوال9: برِصغیر کے تاریخی تناظر میں دو قومی نظریے سے کیا مراد ہے؟

جواب: برصغیر کے تاریخی تناظر میں دو قومی نظریے سے مراد یہ ہے کہ یہاں دو بڑی اقوام آباد ہیں، جن میں سے ایک مسلمان اور دوسری ہندو قوم ہے۔ یہ دونوں اقوام اپنے مذہبی نظریات، اپنے رہن سہن کے انداز اور اجتماعی سوچ میں ایک دوسرے سے بالکل مختلف ہیں۔

سوال10: پاکستان میں اقلیتوں کے حقوق کے بارے میں قائد اعظم نے کیا فرمایا؟

جواب: آپ نے اقلیتوں کو مکمل تحفظ دینے اور برابری کے حقوق دینے کا اعلان کیا اور یہی اسلام کی بنیادی تعلیم ہے۔ پاکستان میں اقلیتوں کو تحفظ دینے کی سوچ بھی قیام پاکستان کے مطالبے کے پس منظر میں شامل تھی۔ قائد اعظم نے یہ بھی واضح کر دیا تھا کہ پاکستان میں اقلیتوں کے حقوق کا پورا خیال رکھا جائے گا۔ اسلام کسی صورت میں بھی یہ اجازت نہیں دیتا کہ اسلامی معاشرے میں زندگی گزارنے والی اقلیتوں کے جان، مال، عزت اور مذہبی روایات کا تحفظ نہ کیا جائے۔

سوال11: علامہ اقبال نے اپنے مشہور خطبہ الٰہ آباد میں مسلمانوں کے لئے الگ ریاست کا مطالبہ کیوں کیا؟

جواب: آپ نے 1930ء میں اپنے مشہور خطبہ الٰہ آباد میں مسلمانوں کے لئے ایک الگ ریاست کا مطالبہ کیا تاکہ مسلمان اس میں رہ کر اپنے مذہب اور ثقافت کے مطابق زندگی گزار سکیں۔

سوال12: نظریہ سے کیا مراد ہے؟

جواب: نظریے سے مراد ایسا ضابطہ یا پروگرام ہے جس کی بنیاد فلسفہ و تفکر پر رکھی گئی ہو اور انسانی زندگی کے مختلف پہلوؤں مثلاً سیاسی، معاشرتی اور تہذیبی مسائل کے حل کے لئے کوئی منصوبہ بنایا گیا ہو۔

سوال13: چودھری رحمت علی نے لفظ پاکستان کب تجویز کیا؟

جواب: چودھری رحمت علی نے جنوری 1933ء میں مسلمانوں کی علیحدہ ریاست کا نام پاکستان تجویز کیا۔

سوال نمبر	جواب		سوال نمبر	جواب	
باب نمبر 1۔ پاکستان کی نظریاتی اساس					
(i)	D	1867ء	(ii)	A	توحید و رسالت
(iii)	B	1857ء	(iv)	A	اللہ تعالیٰ
(v)	A	قائد اعظم	(vi)	D	علامہ اقبال
(vii)	C	بیسویں	(viii)	A	یکم جولائی 1948ء
(ix)	D	اسلامی نظریہ حیات	(x)	C	چودھری رحمت علی
(xi)	B	1930ء	(xii)	C	روزہ

ٹاپ سٹڈی نوٹس
9th Pak Study
Notes
مطالعہ پاکستان کلاس نہم
معروضی و مختصر جوابی سوالات

(i)	قراردادِ لاہور کس شخصیت نے پیش کی؟	اے۔کے فضل الحق	علامہ محمد اقبال	مولانا محمد علی جوہر	سر آغا خاں
(ii)	سندھ مسلم لیگ نے کب اپنے سالانہ اجلاس میں تقسیم کے حق میں قرارداد منظور کی؟	1908ء	1918ء	1928ء	1938ء
(iii)	1942ء میں حکومتِ برطانیہ کا کس کی قیادت میں ایک مشن برصغیر آیا؟	سر پیتھک لارنس	اے۔وی۔الیگزینڈر	سر سٹیفورڈ کرپس	لارڈ ویول
(iv)	قائداعظم نے اپنے مشہور چودہ نکات کب پیش کیے؟	1909ء	1919ء	1929ء	1939ء
(v)	19 اپریل 1946ء کو دہلی میں مسلم لیگ کے ٹکٹ پر منتخب ہونے والے صوبائی اور مرکزی اسمبلی کے ارکان اسمبلی کا ایک کنونشن کس کی صدارت میں منعقد ہوا؟	لیاقت علی خاں	سردار عبدالرب نشتر	علامہ محمد اقبال	قائداعظم
(vi)	مسلم لیگ اور کانگرس کے درمیان میثاق لکھنؤ کب ہوا؟	1916ء	1926ء	1936ء	1946ء
(vii)	1946ء کی عبوری حکومت میں کتنے مسلم لیگی وزراء شامل تھے؟	دو	تین	چار	پانچ
(viii)	قانونِ آزادی ہند کب منظور ہوا؟	14اگست 1947ء	18جولائی 1947ء	24اکتوبر 1948ء	3جون 1948ء
(ix)	قراردادِ لاہور آل انڈیا مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس میں کب منظور کی گئی؟	1930ء	1940ء	1946ء	1949ء
(x)	تجاویزِ دہلی کا سن ہے:	1926ء	1927ء	1928ء	1929ء
(xi)	جنگِ عظیم دوم کا کس سال میں آغاز ہوا؟	1914ء	1919ء	1939ء	1945ء
(xii)	جنگِ پلاسی کب ہوئی؟	1557ء	1657ء	1757ء	1857ء
(xiii)	قائداعظم مسلم لیگ میں کب شامل ہوئے؟	1913ء	1915ء	1917ء	1919ء
(xiv)	سلطان فتح علی خاں ٹیپو کس ریاست کے حکمران تھے؟	قلات	حیدرآباد	بہاولپور	میسور

(حصہ دوم)

4۔ مختصر جوابات دیں۔

سوال1: وزیراعلیٰ بنگال مسٹر حسین شہید سہروردی نے مسلم لیگ کے ارکانِ اسمبلی کے کنونشن 1946ء میں کون سی قرارداد پیش کی؟

جواب: اس قرارداد میں کہا گیا تھا کہ "شمال مشرقی خطے میں بنگال اور آسام، شمال مغربی خطے میں پنجاب، صوبہ سرحد (خیبر پختونخوا)، سندھ اور بلوچستان کو ملا کر ایک آزاد اور خود مختار مملکت کی تشکیل کی جائے۔ اس بات کی حتمی یقین دہانی کرائی جائے کہ پاکستان بلا تاخیر قائم کر دیا جائے گا۔"

سوال 2: کرپس مشن کی تین تجاویز بیان کیجیے۔

جواب: کرپس مشن کی تین تجاویز درج ذیل ہیں:

(i)۔ جنگ کے بعد برصغیر تاجِ برطانیہ کے ماتحت ہو گا لیکن اندرونی اور بیرونی معاملات میں برطانوی حکومت کسی طرح کی دخل اندازی سے گریز کرے گی۔

(ii)۔ دفاع، امورِ خارجہ، مواصلات وغیرہ سمیت تمام شعبے ہندوستانیوں کے سپرد کر دیے جائیں گے۔

(iii)۔ اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے مناسب اقدام اٹھائے جائیں گے۔

سوال 3: قائد اعظم نے مسلم لیگ کے 1940ء کے لاہور کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے اپنے خطبے میں مسلمانوں کی جدوجہد کے لئے سمت کا تعین کر دیا۔ اس خطبے کے کوئی سے دو نکات بیان کیجیے۔

جواب: قائد اعظم کے مسلم لیگ کے 1940ء کے لاہور کے اجلاس کے دو اہم نکات درج ذیل ہیں:

(i)۔ مسلمان ایک علیحدہ قوم ہیں کیوں کہ ان کے رسم و رواج، روایات، تہذیب و ثقافت اور سب سے بڑھ کر اُن کا مذہب جدا ہے۔ صدیوں سے ساتھ ساتھ رہنے کے باوجود ہندو اور مسلمان اپنی اپنی جداگانہ پہچان رکھتے ہیں۔ اگر برصغیر متحدہ صورت میں آزاد ہوتا ہے تو مسلمانوں کے حقوق کی حفاظت نہیں ہو سکے گی۔

(ii)۔ مسلمان علیحدہ مملکت کا مطالبہ کر رہے ہیں تو یہ غیر تاریخی نہیں سمجھا جا سکتا۔ برصغیر کا سیاسی مسئلہ قومی یا فرقہ وارانہ نہیں ہے۔ یہ بین الاقوامی مسئلہ ہے اور اسی تناظر میں اسے حل کرنا ضروری ہے۔

سوال 4: جناح۔گاندھی مذاکرات 1944ء میں قائد اعظم کا جواب تحریر کیجیے۔

جواب: قائد اعظم نے گاندھی کے انداز کو ایک دھوکا اور مکاری قرار دیا اور اس بات پر زور دیا کہ وہ چاہتے ہیں کہ ہندوستان کی آزادی سے قبل پاکستان کا مسئلہ انگریزوں کو حل کرنا چاہیے کیوں کہ کانگرس اور گاندھی پر کسی صورت بھی اعتماد نہیں کیا جا سکتا۔

سوال 5: کئی اہم شخصیات نے برصغیر کو تقسیم کرنے کی رائے پیش کی۔ ان میں سے کوئی سی پانچ شخصیات کے نام تحریر کیجیے۔

جواب: کئی شخصیات نے برصغیر کو تقسیم کرنے کی رائے پیش کی جن میں سیّد جمال الدین افغانی، عبدالحلیم شرر، عبدالجبار خیری اور عبدالستار خیری (خیری برادران)، مولانا محمد علی جوہر، قائد اعظم محمد علی جناح، علامہ محمد اقبال اور چودھری رحمت علی جیسی شخصیات بہت زیادہ اہمیت کی حامل تھیں۔

سوال 6: کابینہ مشن پلان میں صوبائی گروپ کی تشکیل کیسے ہوئی؟

جواب: صوبوں کو درج ذیل تین گروپوں میں تقسیم کرنے کی رائے دی گئی:

گروپ اے: بمبئی (ممبئی)، مدراس، یو۔پی، بہار، اڑیسہ، سی۔پی

گروپ بی: پنجاب، سرحد (خیبر پختونخوا)، سندھ

گروپ سی: بنگال، آسام

سوال 7: ویول پلان کے کوئی سے تین نکات لکھئے۔

جواب: ویول پلان میں درج ذیل نکات شامل تھے۔

(i)۔ مستقبل کا دستور برصغیر کی تمام سیاسی طاقتوں کی مرضی سے بنایا جائے گا۔

(ii)۔ گورنر جنرل کی انتظامی کونسل بنائی جائے گی اور کونسل میں برصغیر کی سیاسی قوتوں کے نمائندے شریک کیے جائیں گے۔ ان میں چھے ہندو اور پانچ مسلمان ہوں گے۔

(iii)۔ مرکز میں انتظامی کونسل کو تشکیل دینے کے بعد تمام صوبوں میں بھی انتظامی کونسلیں منظم کی جائیں گی۔

سوال 8: عام انتخابات 46-1945ء میں کانگرس اور مسلم لیگ کا منشور بیان کیجئے۔

جواب: کانگرس کا منشور تھا کہ جنوبی ایشیاء کو ایک وحدت کی صورت میں آزاد کرایا جائے گا۔ تقسیم کی کوئی سکیم قابل قبول نہ ہوگی۔ کانگرس کا دعویٰ تھا کہ وہ برصغیر میں رہنے والے تمام گروہوں اور فرقوں کی نمائندہ جماعت ہے اور مسلمان بھی کانگرس کے نقطۂ نظر سے ہم آہنگ ہیں۔ قائداعظم کا دعویٰ تھا کہ عام انتخابات پاکستان کے بارے میں استصواب رائے ہوں گے۔ مسلم لیگ چاہتی تھی کہ قراردادِ پاکستان کے مطابق جنوبی ایشیاء کو تقسیم کر دیا جائے اور مسلم اکثریتی علاقوں میں مسلمانوں کو مکمل اقتدار حاصل ہو جائے۔

سوال 9: قراردادِ پاکستان کا متن بیان کیجئے۔

جواب: قرار پایا کہ آل انڈیا مسلم لیگ کے اجلاس کی یہ مسلّمہ رائے ہے کہ کوئی آئینی منصوبہ اس ملک میں قابلِ عمل اور مسلمانوں کے لئے قابلِ قبول نہیں ہوگا، تاوقتیکہ وہ مندرجہ ذیل بنیادی اصولوں پر وضع نہ کیا گیا ہو، یعنی جغرافیائی طور پر متّصل وحدتوں کی حد بندی ایسے خطّوں میں کی جائے (مناسب علاقائی ردوبدل کے ساتھ) کہ جن علاقوں میں مسلمانوں کی اکثریت ہے مثلاً ہندوستان کے شمال مغربی اور مشرقی حصّے، اُن کی تشکیل ایسی "آزاد ریاستوں" کی صورت میں کی جائے جن کی مشمولہ وحدتیں خود مختار اور مقتدر رہوں۔ نیز ان وحدتوں اور خطّوں میں اقلیتوں کے اور ہندوستان کے دوسرے حِصّوں، جہاں مسلمان اقلیّت میں ہیں، اُن کے حقوق و مفادات کا مناسب تحفّظ کیا جائے۔

سوال 10: عبوری حکومت میں شامل پانچ مسلم لیگی وزرا کے نام لکھئے۔

جواب: پانچ مسلم لیگی وزرا یہ تھے:

1۔ لیاقت علی خاں 2۔ عبدالرب نشتر 3۔ آئی۔ آئی چندریگر 4۔ راجہ غضنفر علی خاں 5۔ جوگندر ناتھ منڈل

سوال 11: کابینہ مشن پلان 1946ء کے ممبران کے نام تحریر کیجئے۔

جواب: اس مشن میں تین وزرا شامل تھے:

1۔ سر سٹیفورڈ کرپس، 2۔ اے۔ وی۔ الیگزینڈر، 3۔ سر پیتھک لارنس

سوال12: رولٹ ایکٹ 1919ء پر قائداعظم کا مؤقف بیان کیجئے۔

جواب: قائداعظم نے اس ایکٹ کے خلاف آواز بلند کی اور حکومتِ برطانیہ سے کہا کہ جو قوم امن کے زمانے میں کالے قانون بناتی ہے وہ مہذب قوم نہیں ہو سکتی۔

سوال13: بھارت نے کشمیر پر قبضہ کیسے کیا؟

جواب: بھارت نے فوج کشی کر کے کشمیر پر قبضہ کر لیا۔

سوال14: 3 جون 1947ء کے منصوبے کے تحت کل جماعتی کانفرنس کا انعقاد بیان کیجئے۔

جواب: لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے ایک کل جماعتی کانفرنس بلائی۔ وائسرائے ہند نے کانفرنس میں تقسیم کے منصوبے کے مختلف پہلوؤں کی وضاحت کی۔ بعد میں ہر جماعت کے راہنماؤں سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں۔ 3 جون 1947ء کو کانفرنس کا دوسرا اجلاس منعقد ہوا اور تمام راہنماؤں نے منصوبے کی منظوری دے دی۔ بڑی جماعتوں کے نمائندوں نے ریڈیو پر تقاریر کیں۔ قائداعظم نے اپنی تقریر پاکستان زندہ باد کے نعرے پر ختم کی۔

سوال15: قائداعظم نے "سفیرِ امن" کا خطاب کیسے پایا؟

جواب: 1916ء میں قائداعظم نے میثاقِ لکھنؤ کے تحت دونوں قوموں (مسلمانوں اور ہندوؤں) کو آپس میں متحد کر دیا۔ مسلمانوں کے لئے ہندوؤں سے جداگانہ انتخاب کا حق منوالیا اور "سفیرِ امن" کا خطاب پایا۔

☆☆☆☆☆

باب نمبر 2۔ پاکستان کا قیام

سوال نمبر	جواب		سوال نمبر	جواب	
(i)	A	اے کے فضل الحق	(ii)	D	1938ء
(iii)	C	سر سٹیفورڈ کرپس	(iv)	C	1929ء
(v)	D	قائداعظم	(vi)	A	1916ء
(vii)	D	پانچ	(viii)	B	18 جولائی 1947ء
(ix)	B	1940ء	(x)	B	1927ء
(xi)	C	1939ء	(xii)	C	1757ء
(xiii)	A	1913ء	(xiv)	D	میسور

ٹاپ سٹڈی نوٹس
9th Pak Study
Notes
مطالعہ پاکستان کلاس نہم
معروضی و مختصر جوابی سوالات

باب نمبر 3 زمین اور ماحول

مشقی سوالات

(حصہ اوّل۔کثیرالانتخابی سوالات)

1۔ ہر سوال کے چار جوابات دیے گئے ہیں۔درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

نمبر شمار	سوالات	A	B	C	D
(i)	کوہستان ہندوکش کی بلند ترین چوٹی ہے:	ملکہ پربت	ترچ میر	نانگا پربت	ایورسٹ
(ii)	پاکستان کے جنوبی علاقے میں کون سا پہاڑی سلسلہ ہے؟	ہمالیہ	کوہ قراقرم	کوہ کیرتھر	کوہ سفید
(iii)	پاکستان کا کل رقبہ کتنا ہے؟	696095 مربع کلومیٹر	795095 مربع کلومیٹر	796096 مربع کلومیٹر	896096 مربع کلومیٹر
(iv)	پاکستان کے جنوب میں کون سا سمندر واقع ہے؟	خلیج بنگال	بحیرہ عرب	خلیج فارس	بحیرہ قلزم
(v)	پاکستان کے کتنے فی صد رقبے پر جنگلات ہیں؟	0.5	5	15	25

(vi)	پاکستان اور چین کی سرحد کے ساتھ کون سا پہاڑی سلسلہ ہے؟	کوہ ہمالیہ	شوالک	کوہ قراقرم	کوہ ہندوکش
(vii)	شاہراہ ریشم کس درّے سے پاکستان کو چین سے ملاتی ہے؟	درّہ خنجراب	درّہ خیبر	درّہ ٹوچی	درّہ گومل
(viii)	پاکستان کا قومی جانور ہے:	چکور	مارخور	ہرن	شیر

(حصہ دوم)

4۔ مختصر جوابات دیں۔

سوال 1: جنگلات کی کمی کی پانچ وجوہات لکھئے۔

جواب: جنگلات میں کمی کی بہت سی وجوہات میں سے چند اہم درج ذیل ہیں۔

1۔ درختوں کا ضرورت سے زیادہ کٹاؤ
2۔ آبادی میں اضافے کی وجہ سے لکڑی کی ضروریات میں اضافہ
3۔ سیم اور تھور میں اضافہ
4۔ درختوں کی بیماریاں
5۔ بارشوں میں کمی
6۔ جنگلات میں لگنے والی آگ
7۔ ماحولیاتی آلودگی
8۔ دریائی پانی کی کمی

سوال 2: پاکستان کا محلِ وقوع بیان کیجئے۔

جواب: پاکستان $23^\circ \frac{1}{2}$ درجے سے 37° درجے عرض بلد شمالی اور 61° درجے سے 77° درجے طول بلد مشرق کے درمیان پھیلا ہوا ہے۔ اس کی مشرقی سرحد بھارت، شمالی سرحد چین اور مغربی سرحد افغانستان اور ایران سے ملتی ہے۔ پاکستان کے جنوب میں بحیرہ عرب واقع ہے۔

سوال 3: درّہ ٹوچی اور درّہ گومل کس پہاڑی سلسلے میں واقع ہیں؟

جواب: وزیرستان کا پہاڑی سلسلہ دریائے کرم کے جنوب میں پاک افغان سرحد کے ساتھ ساتھ شمالاً جنوباً پھیلا ہوا ہے۔ ان پہاڑیوں میں درّہ ٹوچی اور درّہ گومل واقع ہیں۔

سوال 4: ماحولیاتی آلودگی کی اقسام تحریر کیجئے۔

جواب: ماحولیاتی آلودگی کی اقسام یہ ہیں: 1۔ فضائی آلودگی 2۔ آبی آلودگی 3۔ زمینی آلودگی 4۔ شور کی آلودگی

سوال 5: پاکستان میں واقع پانچ بڑے گلیشیرز کے نام لکھئے۔

جواب: جب ایک جگہ برف سالہا سال جمع ہوتی رہے تو نیچے والی برف سخت ہو جاتی ہے اور کم بلندی کی طرف سرکنے لگتی ہے اِسے گلیشیئر کہتے ہیں۔ پاکستان میں واقع پانچ بڑے گلیشیرز کے نام یہ ہیں۔ 1۔ سیاچن 2۔ بولتورو 3۔ بیافو 4۔ ہسپر 5۔ ریمو 6۔ بتورا

سوال 6: اس وقت ہمارے ماحول کو کون کون سے خطرات درپیش ہیں؟

جواب: اس وقت ہمارے ماحول کو درج ذیل بڑے خطرات کا سامنا ہے:

1۔ سیم و تھور
2۔ جنگلات کا ختم ہونا
3۔ زمین کا صحرا میں تبدیل ہو جانا
4۔ ماحولیاتی آلودگی کا بڑھنا

سوال7: صنعتی آلودگی میں کمی کے لئے پانچ حکومتی اقدامات بیان کیجئے۔

جواب: صنعتی آلودگی میں کمی کے لئے حکومتی اقدامات درج ذیل ہیں:

(i)۔ تحفّظ ماحولیات کے نام سے ایک محکمہ قائم کیا گیا ہے۔

(ii)۔ فیکٹریوں کے فالتو مادے براہِ راست خارج نہ کیے جائیں۔

(iii)۔ فیکٹری آبادی والے علاقوں سے دور لگائی جائے۔

(iv)۔ صنعتی آلودگی کے حوالے سے لوگوں میں شعور پیدا کیا جائے۔

(v)۔ صنعتوں میں ایسا فیول استعمال کیا جائے جو کم سے کم آلودگی پیدا کرے۔

سوال8: ہمالیہ کبیر کے پہاڑی سلسلے کی مشہور چوٹی کون سی ہے؟

جواب: ہمالیہ کبیر کے پہاڑی سلسلے کی مشہور چوٹی نانگا پربت ہے۔

سوال9: پاکستان کے پانچ اہم قدرتی خِطّوں کے نام لکھئے۔

جواب: پاکستان کے پانچ اہم قدرتی خطے درج ذیل ہیں:

(i)۔میدانی خِطّہ (ii)۔صحرائی خِطّہ (iii)۔ساحلی خِطّہ (iv)۔مرطوب اور نیم مرطوب پہاڑی خِطّہ

(v)۔خشک اور نیم خشک پہاڑی خِطّہ

سوال10: پاکستان کے لئے افغانستان اور وسطی ایشیائی ممالک کی اہمیت بیان کیجئے۔

جواب: پاکستان کے شمال مغرب کی جانب افغانستان واقع ہے۔ افغانستان کے ساتھ ملحقہ سرحد کو ڈیورنڈ لائن کہتے ہیں۔ شمال مغرب میں وسطی ایشیائی ممالک قازقستان، ازبکستان، تاجکستان، ترکمانستان اور کرغیزستان بھی ہیں۔ یہ سب ممالک سمندر سے بہت دور ہیں اور ان کا اپنا کوئی ساحل نہیں ہے لہٰذا ان کو سمندر تک پہنچنے کے لئے پاکستان کی سرزمین سے گزرنا پڑتا ہے۔ وسطی ایشیائی ممالک تیل اور گیس کی پیداوار کے اعتبار سے دنیا بھر میں مشہور ہیں۔ اگر ان ممالک کو موٹروے کے ذریعے پاکستان سے ملا دیا جائے تو پاکستان کو بڑا فائدہ ہو گا اور تعلقات میں مزید اضافہ ہو گا۔

سوال11: جنگلات کی بہتری کے لئے حکومت کون کون سے اقدامات کر رہی ہے؟

جواب: جنگلات کی بہتری کے لئے حکومت درج ذیل اقدامات کر رہی ہے:

1۔ سال میں دو بار سرکاری سطح پر شجرکاری مہم چلائی جاتی ہے۔

2۔ حکومت مختلف اقسام کے بیج درآمد کرتی ہے اور نرسری اُگا کر عوام کو فراہم کرتی ہے تاکہ لوگوں میں درخت اُگانے کا رجحان پیدا کیا جا سکے۔

3۔ ذرائع ابلاغ پر اشتہاری مہم کے ذریعے عوام میں جنگلات کی شرح میں اضافے کا شعور پیدا کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

سوال12: ٹوبا کاکڑ کا پہاڑی سلسلہ کہاں واقع ہے؟

جواب: ٹوبا کاکڑ کا پہاڑی سلسلہ پاکستان کے مغربی پہاڑی سلسلے میں واقع ہے۔ ☆☆☆☆☆

باب نمبر3۔ زمین اور ماحول					
سوال نمبر	جواب		سوال نمبر	جواب	
(i)	B	ترچ میر	(ii)	C	کوہ کیرتھر
(iii)	C	796096مربع کلومیٹر	(iv)	B	بحیرہ عرب
(v)	B	5	(vi)	C	کوہ قراقرم
(vii)	A	درہ خنجراب	(viii)	B	مارخور

ٹاپ سٹڈی نوٹس
9th Pak Study
Notes
مطالعہ پاکستان کلاس نہم
معروضی و مختصر جوابی سوالات

باب نمبر 4 تاریخِ پاکستان (حصہ اوّل)

مشقی سوالات

(حصہ اوّل۔ کثیرالانتخابی سوالات)

1۔ ہر سوال کے چار جوابات دیے گئے ہیں۔ درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

نمبر شمار	سوالات	A	B	C	D
(i)	قراردادِ مقاصد کب منظور ہوئی؟	1930ء	1940ء	1946ء	1949ء
(ii)	مشرقی پاکستان کی آبادی کل آبادی کا کتنے فیصد تھی؟	54	56	58	60
(iii)	چھے نکاتی فارمولا کس نے پیش کیا؟	مجیب الرحمٰن	ذوالفقار علی بھٹو	بھاشانی	یحیٰی خان
(iv)	مشرقی پاکستان ایک الگ وطن بنگلہ دیش کے نام سے دنیا کے نقشے پر کب نمودار ہوا؟	1969ء	1970ء	1971ء	1972ء
(v)	صدرِ پاکستان جنرل محمد یحیٰی خان نے 1970ء کے انتخابات کرانے کے لئے ایک آئینی ڈھانچے "لیگل فریم ورک آرڈر" کا اعلان کیا جس کے مطابق قومی اسمبلی کی نشستوں کی کل تعداد تھی:	310	313	316	320
(vi)	قیامِ پاکستان کے بعد کس زبان کو قومی زبان قرار دیا گیا؟	بنگالی	پنجابی	انگریزی	اُردو
(vii)	1970ء کے انتخابات میں مغربی پاکستان سے کس سیاسی پارٹی نے اکثریت حاصل کی؟	نیپ	جمیعت علمائے اسلام (ہزاروی) (گروپ)	پیپلز پارٹی	عوامی لیگ
(viii)	جنرل محمد یحیٰی خاں نے کب حکومت سنبھالی؟	مارچ 1969ء	اپریل 1970ء	دسمبر 1971ء	جون 1972ء
(ix)	صدر ایوب خاں نے زرعی اصلاحات کا کب اعلان کیا؟	1958ء	1959ء	1960ء	1965ء
(x)	دوسرے پانچ سالہ ترقیاتی منصوبے کا دورانیہ ہے:	1950-55ء	1955-60ء	1960-65ء	1965-70ء
(xi)	پاکستان اور بھارت کے درمیان "سندھ طاس" کا معاہدہ کس کی مدد سے ہوا؟	تولیتی کونسل	سلامتی کونسل	عالمی عدالت	عالمی بینک

(xii)	1956ء کا آئین کتنی دیر نافذ العمل رہا؟	2سال 3 ماہ	2سال 5ماہ	2سال 7ماہ	2سال 9 ماہ
(xiii)	کسی پسماندہ معیشت کا ترقی یافتہ معیشت کی طرف گامزن ہونا کہلاتا ہے:	پسماندگی	روزگار	معاشی ترقی	توازن ادائیگی
(xiv)	اقوام متحدہ کی کوششوں سے 1965ء کی جنگ کب بند ہوئی؟	12ستمبر 1965ء	15 ستمبر1965ء	20ستمبر 1965ء	23ستمبر 1965ء
(xv)	بنیادی جمہوریتوں کے ممبران کی کل تعداد کتنی تھی؟	60ہزار	70ہزار	80ہزار	90ہزار

(حصہ دوم)

4۔ مختصر جوابات دیں۔

سوال1: پاکستان کی پہلی آئین ساز اسمبلی کی تشکیل کیسے ہوئی؟

جواب: پاکستان کی آئین ساز اسمبلی نے 11 اگست 1947ء کو قائداعظم کو اپنا صدر منتخب کر لیا۔ آغاز میں یہ اسمبلی 69 ارکان پر مشتمل تھی، بعد میں تعداد 79 ہو گئی۔ مولوی تمیز الدین اسمبلی کے پہلے سپیکر تھے۔

سوال2: ایوب خاں کی زرعی اصلاحات کے کوئی سے پانچ نکات بیان کریں۔

جواب: ان اصلاحات کے اہم نکات درج ذیل تھے۔

1. کوئی شخص پانچ سو ایکڑ نہری یا ایک ہزار بارانی زمین سے زیادہ کا مالک نہ ہو سکے گا۔ باغات و چراگاہوں کی صورت میں موجودہ زمیندار 150 ایکڑ مزید رقبہ اپنے پاس رکھنے کا مجاز تھا۔
2. زمینداروں کو یہ حق دیا گیا کہ وہ اپنے خاندان کی عورتوں اور یتیم بچوں کو اپنی زمین دے سکتے ہیں تاہم ایسی زمین کی حد 250 ایکڑ نہری اور 500 ایکڑ بارانی سے زیادہ نہیں ہو گی۔
3. موجودہ زمیندار مذکورہ بالا حد سے زیادہ زمین حکومت کے حوالے کر دیں گے جس کا معاوضہ انہیں قسطوں کی صورت میں 25 سالوں میں ادا کیا جائے گا۔
4. مزارعین کو زمینوں سے بے دخلی کے خلاف قانونی تحفظ دیا گیا اور ان سے خلافِ قانون کوئی فیس وصول کرنا، بیگار یا کسی اور طرح کی خدمت لینا ممنوع قرار دے دیا گیا۔
5. اجارہ (زمیندار کا حصہ) کی شرح میں اضافہ پر بھی پابندی لگا دی گئی۔

سوال3: 1956ء کے آئین کی پانچ اسلامی دفعات تحریر کیجئے۔

جواب: 1956ء کے آئین کی پانچ اسلامی دفعات درج ذیل ہیں:

(i)۔ آئین کی رُو سے پاکستان کا نام اسلامی جمہوریہ پاکستان رکھا گیا۔

(ii)۔ صدر لازمی طور پر مسلمان ہو گا۔

(iii)۔ قراردادِ مقاصد کو آئین کے دیباچے میں شامل کیا گیا جس کی رُو سے حاکمیت اللہ تعالیٰ کی ہو گی۔

(iv)۔ اختیارات کو عوامی نمائندے ایک مقدس امانت کے طور پر قرآن و سنت کے مطابق استعمال کریں گے۔

(v)۔ کوئی قانون قرآن و سنت سے متصادم نہ بنایا جائے گا۔

سوال4: دوسرے پانچ سالہ ترقیاتی منصوبے کے اہداف کیا تھے؟

جواب: اس منصوبے کے بڑے بڑے مقاصد اور اہداف درج ذیل تھے۔

1۔ قومی آمدنی میں 24 فیصد اضافہ کرنا۔

2۔ فی کس آمدنی میں 10 فیصد اضافہ کرنا۔

3۔ 25 لاکھ افراد کو روزگار کے مواقع فراہم کرنا۔

4۔ زرعی پیداوار میں 14 فیصد اضافہ کرنا۔

5۔ بڑی اور اوسط درجے کی صنعتوں کی پیداواری صلاحیت میں 14 فیصد تک اضافہ کرنا۔

6۔ گھریلو اور چھوٹی صنعتوں کی پیداوار کو 25 فیصد تک بڑھانا۔

7۔ برآمدات میں سالانہ 3 فیصد اضافہ کرنا۔

سوال5: 1965ء کی جنگ میں پاکستانی بحریہ کا کیا کردار تھا؟

جواب: جنگ کے دوران پاکستانی بحریہ بھی پوری طرح چوکس رہی۔ اس نے کاٹھیاواڑ کے ساحل پر واقع دوارکا کے مشہور بھارتی بحری اڈے کو تباہ کر کے ایک عظیم کارنامہ سرانجام دیا۔ جب بھارت نے پاک بحریہ کا مقابلہ کرنے کے لئے اُس کے ایک یونٹ پر اچانک حملہ کیا تو پاک بحریہ نے بھارت کا ایک جنگی بحری جہاز ڈبو دیا اور باقی بھارتی بحری جہاز دُم دبا کر بھاگ گئے۔

سوال6: مسلم فیملی لاز آرڈی نینس 1961ء کے کوئی سے پانچ نکات تحریر کریں۔

جواب: صدر ایوب خاں نے مسلم فیملی لاز آرڈی نینس 1961ء نافذ کیا جس کے مطابق:

1۔ نکاح کو یونین کونسل میں رجسٹرڈ کرانا لازمی قرار دیا گیا۔

2۔ پہلی بیوی اور یونین کونسل کے چیئرمین کی اجازت کے بغیر دوسری شادی کی ممانعت کر دی گئی۔

3۔ شادی کے لئے لڑکے کی کم از کم عمر 18 سال اور لڑکی کی عمر 16 سال مقرر کی گئی۔

4۔ طلاق وغیرہ کی صورت میں مدتِ عدت نوے دن مقرر کی گئی۔

5۔ یتیم پوتے کو بھی وراثت میں حقدار تسلیم کر لیا گیا۔

سوال7: 1965ء کی جنگ کے دو اسباب بیان کریں۔

جواب: 1965ء کی جنگ کے دو اسباب مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ پاکستان کا قیام ہندوؤں کی مرضی کے خلاف عمل میں آیا تھا اس لئے انہوں نے پاکستان کو کبھی دل سے قبول نہ کیا۔ انہوں نے پاکستان کو تباہ کرنے کے لئے جارحانہ اقدامات شروع کر دیے۔

2۔ ستمبر 1965ء کی جنگ کی اصل وجہ مسئلہ کشمیر ہے۔ بھارت نے کشمیری عوام کی مرضی کے خلاف کشمیر پر قبضہ کر رکھا ہے۔ کشمیری عوام کی اخلاقی مدد کرنے اور مسئلہ کشمیر کو پوری دنیا میں اٹھانے کی پاداش میں بھارت نے پاکستان پر ستمبر 1965ء کی جنگ مسلّط کر دی۔

سوال8: آئینی ڈھانچے "لیگل فریم ورک آرڈر" میں آئندہ کی حکمت عملی کے لئے درج نکات تحریر کیجئے۔

جواب: آئندہ کی حکمت عملی کے لئے درج ذیل نکات طے کیے گئے:

1۔ اسلامی طرزِ زندگی کا فروغ۔

2۔ اسلام کے اخلاقی اصولوں پر عمل کرنا۔

3۔ پاکستان میں اسلامی اصولوں کے فروغ کے لئے اقدامات کرنا۔

4۔ مسلمانوں کو قرآن اور اسلامیات کی تعلیم کی فراہمی کا بندوبست کرنا۔

سوال9: یونین کونسل اور یونین کمیٹی سے کیا مراد ہے؟

جواب: یونین کونسل بنیادی جمہوریتوں کا ابتدائی ادارہ تھا۔ اسے دیہی علاقوں کے لئے یونین کونسل اور شہری علاقوں میں یونین کمیٹی کہتے تھے۔

سوال10: 1956ء کا آئین کیسے منسوخ ہوا؟

جواب: 1956ء کا آئین نو سال کی انتھک محنت اور کوششوں کے بعد منظور ہوا، مگر پاکستان کے مخصوص حالات اور سیاست دانوں نے آئین کو زیادہ دیر تک چلنے نہ دیا۔ اکتوبر 1958ء میں پاکستان آرمی کے کمانڈر انچیف جنرل محمد ایوب خاں نے ملک کی جمہوری حکومت کو برطرف کر کے فوجی حکومت قائم کر دی اور تمام اختیارات خود سنبھال لیے۔ جنرل محمد ایوب خاں نے 1956ء کا آئین منسوخ کر دیا۔

سوال11: واحد شہریت سے کیا مراد ہے؟

جواب: واحد شہریت سے مراد یہ ہے کہ تمام شہری پاکستانی کہلائیں گے اس کے علاوہ مرکزی اور صوبائی شہریت الگ الگ نہیں ہو گی۔

سوال12: ریڈ کلف کی غیر منصفانہ تقسیم سے کون کون سے مسلم اکثریت والے علاقے بھارت کے پاس چلے گئے؟

جواب: ریڈ کلف نے ناانصافی کرتے ہوئے پاکستان کو بعض اہم علاقوں سے محروم کر دیا۔ ضلع گورداسپور کی تین تحصیلیں گورداسپور، پٹھانکوٹ اور بٹالہ کے علاوہ ضلع فیروزپور کی تحصیل زیرہ اور بعض دوسرے مسلم اکثریت والے علاقے بھارت کے حوالے کر دیے گئے۔

سوال13: مالاکنڈ ڈویژن کیسے تشکیل دیا گیا؟

جواب: جنرل یحییٰ خاں نے 1969ء میں صوبہ سرحد کی تین ریاستوں دیر، چترال اور سوات کی الگ حیثیت کا خاتمہ کر کے انہیں مِلا کر مالاکنڈ ڈویژن تشکیل دیا۔

سوال14: معاشی ترقی سے کیا مراد ہے؟

جواب: معاشی ترقی سے مراد کسی پسماندہ معیشت کا ترقی یافتہ معیشت کی طرف گامزن ہونا ہے۔

سوال15: تیسرے پانچ سالہ ترقیاتی منصوبے کے پانچ اہداف کا تذکرہ کیجیے۔

جواب: تیسرے منصوبے کے بڑے بڑے مقاصد اور ان کے اہداف درج ذیل تھے۔

1۔ ملکی ترقی کی رفتار کو تیز کرنا اور قومی پیداوار میں 37 فیصد اضافہ کرنا۔

2۔ فی کس آمدنی میں 20 فیصد اضافہ کرنا۔

3۔ 55 لاکھ افراد کو روزگار فراہم کرنا۔

4۔ زرعی ترقی کی رفتار کو تیز کرنا اور اس میں 5 فیصد سالانہ اضافہ کرنا۔

5۔ صنعتی ترقی کی شرح 13 فیصد سالانہ تک بڑھانا۔

☆☆☆☆☆

باب نمبر4۔ تاریخ پاکستان (حصہ اول)

سوال نمبر		جواب	سوال نمبر		جواب
(i)	D	1949ء	(ii)	B	56
(iii)	A	مجیب الرحمٰن	(iv)	C	1971ء
(v)	B	313	(vi)	D	اُردو
(vii)	C	پیپلز پارٹی	(viii)	A	مارچ 1969ء
(ix)	B	1959ء	(x)	C	1960-65ء
(xi)	D	عالمی بینک	(xii)	C	2 سال 7 ماہ
(xiii)	C	معاشی ترقی	(xiv)	D	23 ستمبر 1965ء
(xv)	C	80 ہزار			

اگر آپ ان ٹیسٹوں اور نوٹس پر ٹیچر، یا اپنے ادارے (سکول، اکیڈمی، کالج) کے نام اور لوگو کے ساتھ استعمال کرنا چاہتے ہیں تو آپ ہم سے رابطہ کریں اس بارے میں مکمل تفصیلات اس فال کے آخری پیج پر ہے۔

باب نمبر 5 تحفظ حقوقِ نسواں

مشقی سوالات

(حصہ اوّل۔کثیر الانتخابی سوالات)

1۔ ہر سوال کے چار جوابات دیے گئے ہیں۔درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

نمبر شمار	سوالات	A	B	C	D
(i)	VAW کا مطلب ہے:	جنگ زدہ کے خلاف تشدد	صنفی تشدد	نسوانی تشدد	مردانہ تشدد
(ii)	پنجاب تحفظِ نسواں تشدد ایکٹ منظور ہوا:	4 فروری 2015ء	24 فروری 2016ء	23 مارچ 2015ء	15 اگست 2016ء
(iii)	تشدد زدہ خواتین کے تحفظ کے لئے طریقہ کار موجود ہیں:	SMS نمبر 8787 پر پولیس کو رپورٹ کرنا	انسدادِ تشدد مراکز برائے خواتین میں پناہ حاصل کرنا	انسدادِ تشدد مراکز برائے خواتین کے ذریعے طبی و قانونی اور نفسیاتی امداد طلب کرنا	یہ تمام
(iv)	انسدادِ تشدد مراکز برائے خواتین قائم کیے جائیں گے:	ضلعی سطح پر	صوبائی سطح پر	شہری سطح پر	ملکی سطح پر

(v)	نسوانی تشدد کا ارتکاب ممکن ہے:	خواتین کے ذریعے	شوہر کے ذریعے	اجنبی کے ذریعے	تمام کے ذریعے
(vi)	پنجاب میں شادی کی قانونی عمر ہے:	لڑکے اور لڑکیوں کے لئے 14 سال	لڑکے اور لڑکیوں کے لئے 18 سال	لڑکے اور لڑکیوں کے لئے 16 سال	لڑکوں کے لئے 18 اور لڑکیوں کے لئے 16 سال
(vii)	Helpline کا نمبر جو نسوانی تشدد کے مقدمات کی رپورٹ کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے:	1023	1043	1068	1010

(حصہ دوم)

4۔ مختصر جوابات دیں۔

سوال1: "تشدد" اور "نسوانی تشدد" کی اصطلاحات بیان کریں۔

جواب: عالمی ادارہ صحت کے مطابق تشدد جسمانی قوت یا جبر کا وہ اِرادتاً استعمال ہے، جس میں زخم، موت، نفسیاتی تکلیف یا کسی چیز سے محرومی ممکن ہو۔ نسوانی تشدد صنفی تشدد کی ایک قسم ہے، جس کی بنا پر عورت کے جسمانی، دماغی اور تولیدی مراحل پر بُرا اثر پڑتا ہے۔

سوال2: یہ دلیل غلط کیوں ہے جس کے مطابق تشدد زدہ خاتون کا اپنا قصور ہوتا ہے؟

جواب: یہ دلیل غلط ہے کیوں کہ اس کا وبال مجرم کی بجائے ستم رسیدہ عورت پر پڑتا ہے۔ اس بات کا سمجھنا ضروری ہے کہ تشدد میں صرف مجرم ہی قصوروار ہوتا ہے، ستم رسیدہ نہیں! تشدد کا ارتکاب عام طور پر اُس وقت ہوتا ہے جب جھگڑے کے حل کے لئے کوئی متبادل طریقہ موجود نہ ہو۔

سوال3: پنجاب تحفظِ نسوانی تشدد ایکٹ 2016ء کے تحت کون کون سے جرائم آتے ہیں؟

جواب: یہ ایکٹ تشدد زدہ متاثرہ خواتین کو مختلف جرائم سے تحفظ دے کر انصاف فراہم کرتا ہے جیسے تشدد کے اظہار، گھریلو بدسلوکی، جذباتی اور نفسیاتی بے ہودگی، معاشی تنگی، پیچھا کرنا اور سائبر کرائمز وغیرہ۔

سوال4: اقوام متحدہ کے مطابق نسوانی تشدد کی تعریف کیجئے۔

جواب: اقوام متحدہ کے مطابق نسوانی تشدد وہ عمل ہے جس میں جسمانی، دماغی یا جنسی نقصانات شامل ہیں۔ اس طرح عورت کو اس کی عوامی یا ذاتی زندگی میں دھمکی آمیز باتوں اور جبر سے آزادی کی نعمت سے محروم کر دیا جاتا ہے۔

سوال5: پاکستان میں عورتوں کی مالی اور اخلاقی بہبود کے لئے جو ادارہ قائم ہے اس کا نام لکھئے۔

جواب: 1949ء میں عورتوں کی مالی اور اخلاقی بہبود کے اپوا (APWA – All Pakistan Women Association) کے نام سے ایک ادارہ قائم کیا گیا۔

سوال6: پاکستان میں کس تاریخ کو عورتوں کا دن منایا جاتا ہے؟

جواب: پاکستان میں 12 فروری کا دن عورتوں کے حوالے سے منایا جاتا ہے۔

☆☆☆☆☆

باب نمبر5۔ تحفظ حقوق نسواں					
سوال نمبر		جواب	سوال نمبر		جواب
(i)	C	نسوانی تشدد	(ii)	B	24فروری2016ء
(iii)	D	یہ تمام	(iv)	A	ضلعی سطح پر
(v)	D	تمام کے ذریعے	(vi)	D	لڑکوں کے لیے18اور لڑکیوں کے لیے16سال
(vii)	B	1043			

اگر آپ ان ٹیسٹوں اور نوٹس پر ٹیچر، یا اپنے ادارے (سکول، اکیڈمی، کالج) کے نام اور لوگو کے ساتھ استعمال کرنا چاہتے ہیں تو آپ ہم سے رابطہ کریں اس بارے میں مکمل تفصیلات اس فال کے آخری پیج پر ہے۔

اضافی کثیرالانتخابی سوالات

★ درست جواب کا انتخاب کیجئے:

نمبر شمار	سوالات	A	B	C	D
1۔	پاکستان کس صدی میں دنیا کے نقشے پر اُبھرا؟	اٹھارہویں	انیسویں	بیسویں	اکیسویں
2۔	پاکستان کی بنیاد قرار پایا:	مغربی نظام	اسلامی نظام	سرمایہ دارانہ نظام	اشتراکی نظام
3۔	لفظ "نظریہ" کو۔۔۔۔۔۔زبان میں آئیڈیالوجی کہا جاتا ہے۔	یونانی	عبرانی	انگریزی	فارسی
4۔	نظریۂ پاکستان کی بنیاد ہے:	اسلامی نظام حیات	اسلامی نظریہ حیات	دو قومی نظریہ	دین اسلام
5۔	اسلام کا چوتھا رُکن ہے:	نماز	روزہ	زکوٰۃ	حج
6۔	برصغیر میں سب سے پہلے دو قومی نظریے کی اصطلاح استعمال کی:	سرسید احمد خان نے	علامہ محمد اقبال نے	چودھری رحمت علی نے	قائداعظم نے
7۔	جنوری 1933ء میں انگلستان میں قیام کے دوران اپنے چند ساتھیوں سے مل کر ایک کتابچہ Now or Never کے نام سے شائع کیا:	سرسید احمد خان نے	علامہ محمد اقبال نے	چودھری رحمت علی نے	قائداعظم نے
8۔	قرارداد لاہور منظور ہوئی:	14 اگست 1947ء کو	23 مارچ 1940ء کو	14 فروری 1948ء کو	یکم جولائی 1948ء کو
9۔	قائداعظم نے ڈھاکہ کے عوام سے خطاب کیا:	14 اگست 1947ء کو	21 مارچ 1948ء کو	14 فروری 1948ء کو	یکم جولائی 1948ء کو
10۔	آئرلینڈ جدا ہوا:	امریکہ سے	برطانیہ سے	روس سے	جرمنی سے

11۔	کرپس مشن برصغیر آیا:	1942ء میں	1943ء میں	1944ء میں	1945ء میں
12۔	جنگ عظیم دوم کب لڑی گئی؟	1918-1914ء	1857ء	1945-1939ء	1928-1924ء
13۔	1945ء میں ہندوستان میں برطانوی وائسرائے تھا:	لارڈ ویول	سر سٹیفورڈ کرپس	لارڈ ماؤنٹ بیٹن	سر ریڈ کلف
14۔	ہندوستان میں مرکزی اسمبلی کے انتخابات ہوئے:	دسمبر 1945ء میں	جنوری 1946ء میں	اپریل 1942ء میں	مارچ 1944ء میں
15۔	ہندوستان میں صوبائی اسمبلی کے انتخابات ہوئے:	دسمبر 1945ء میں	جنوری 1946ء میں	اپریل 1942ء میں	مارچ 1944ء میں
16۔	مسلمانوں کے لئے تمام صوبائی اسمبلیوں میں مجموعی طور پر نشستیں مخصوص تھیں:	492	428	430	450
17۔	1946ء میں صوبائی اسمبلیوں کے انتخابات میں مسلم لیگ نے نشستیں جیت لیں:	492	428	430	450
18۔	وزیر اعلیٰ بنگال کا نام تھا:	مسٹر حسین شہید سہروردی	ملک خضر حیات	چکرورتی راج گوپال	ابوالکلام آزاد
19۔	ایسٹ انڈیا کمپنی کو ختم کر دیا گیا:	1942ء میں	1764ء میں	1857ء میں	1858ء میں
20۔	قائداعظم محمد علی جناح کراچی میں پیدا ہوئے:	14 اگست 1947ء کو	15 اگست 1947ء کو	3 جون 1947ء کو	25 دسمبر 1876ء کو
21۔	قائداعظم نے کراچی میں وفات پائی:	14 اگست 1947ء کو	15 اگست 1947ء کو	11 ستمبر 1948ء کو	18 جولائی 1947ء کو
22۔	"سفیر امن" کا خطاب پایا:	قائداعظم نے	لیاقت علی خان نے	مولانا محمد علی جوہر نے	سر سید احمد خان نے

23۔	نہرو رپورٹ پیش ہوئی:	1913ء میں	1916ء میں	1919ء میں	1928ء میں
24۔	قائداعظم نے چودہ نکات پیش کیے:	1913ء میں	1916ء میں	1919ء میں	1929ء میں
25۔	پاکستان کا پورا نام ہے:	اسلامی جمہوریہ پاکستان	جمہوریہ پاکستان	اسلامی پاکستان	نظریاتی پاکستان
26۔	پاکستان کی افغانستان کے ساتھ ملحقہ سرحد کو کہتے ہیں:	کنٹرول لائن	بارڈر لائن	باؤنڈری لائن	ڈیورنڈ لائن
27۔	شاہراہ ریشم ملاتی ہے:	پاکستان اور افغانستان کو	پاکستان اور ایران کو	پاکستان اور بھارت کو	پاکستان اور چین کو
28۔	کوہ سلیمان سلسلے کی سب سے بلند چوٹی ہے:	گوڈون آسٹن یا کے۔ٹو	نانگاپربت	تخت سلیمان	ترچ میر
29۔	موسم گرما کی مون سون بارشیں ہوتی ہیں:	جون سے جولائی کے درمیان	جولائی سے ستمبر کے درمیان	ستمبر سے اکتوبر کے درمیان	اپریل سے مئی کے درمیان
30۔	پاکستان کا قومی پرندہ ہے:	عقاب	چکور	کبوتر	باز
31۔	سب سے بڑی اور صدیوں پرانی بندرگاہ ہے:	پورٹ قاسم	گوادر	کراچی	پسنی
32۔	ساحلی خطہ کے لوگوں کا بڑا پیشہ ہے:	زراعت	صنعت	تجارت	ماہی گیری
33۔	کرہ ارض کا حصہ پانی سے ڈھکا ہوا ہے:	دو تہائی	ایک اڑھائی	دو چوتھائی	تین چوتھائی
34۔	کتنے فی صد پانی انسانی استعمال کے لئے دستیاب ہے؟	تین فیصد	چار فیصد	دو فیصد	پانچ فیصد
35۔	پاکستان کی آئین ساز اسمبلی کے پہلے سپیکر تھے:	لیاقت علی خان	چودھری رحمت علی	سرسید	مولوی تمیزالدین
36۔	متحدہ برصغیر کے "ریزروبینک" میں تقسیم کے وقت روپے جمع تھے:	دو بلین	تین بلین	چار بلین	پانچ بلین

نمبر	سوال				
37۔	انگریزوں کے دورِ حکومت میں ریاستیں تھیں:	635	636	637	638
38۔	قائداعظم محمد علی جناح نے پاکستان کے پہلے گورنر جنرل کی حیثیت سے کام کیا:	11ماہ	12ماہ	13ماہ	14 ماہ
39۔	قائداعظم نے پہلی کانفرنس منعقد کرائی:	1948ء میں	1947ء میں	1949ء میں	1950ء میں
40۔	لیاقت علی خان پاکستان کے پہلے وزیراعظم بنے:	15اگست 1947ء کو	23مارچ 1947ء کو	14فروری 1948ء کو	یکم جولائی 1948ء کو
41۔	لیاقت علی خان نے امریکہ کا دورہ کیا:	1947ء میں	1948ء میں	1949ء میں	1950ء میں
42۔	1956ء کے آئین کے تحت قومی اسمبلی اراکین پر مشتمل تھی:	200	250	300	350
43۔	1956ء کے آئین کے مطابق خواتین کی نشستیں مخصوص تھیں:	5	10	15	20
44۔	1956ء کے آئین کے تحت دونوں زبانوں کو سرکاری زبان کے طور پر تسلیم کیا گیا:	اردو اور فارسی	اردو اور انگریزی	اردو اور عربی	اردو اور بنگالی
45۔	1956ء کے آئین کے تحت آئندہ انگریزی دفتری زبان کی حیثیت سے رائج رہے گی:	پندرہ سال تک	بیس سال تک	پچیس سال تک	تیس سال تک
46۔	جنرل محمد ایوب خان نے مارشل لاء لگا دیا:	اگست 1952ء میں	مارچ 1956ء میں	فروری 1954ء میں	اکتوبر 1958ء میں
47۔	1965ء کی جنگ کی اصل وجہ ہے:	پانی کا مسئلہ	زمین کا مسئلہ	اثاثوں کی تقسیم کا مسئلہ	مسئلہ کشمیر
48۔	پاک بھارت 1965ء کی جنگ کب بند ہوئی؟	اگست 1952ء کو	مارچ 1956ء کو	فروری 1954ء کو	23ستمبر 1965ء کو

☆☆☆☆☆

اضافی مختصر جوابی سوالات

سوال1: نظریے کے ماخذ تحریر کیجئے۔

جواب: درج ذیل عناصر کی وجہ سے لوگوں میں نظریات کی تشکیل ہوتی ہے:

1۔ مشترکہ مذہب 2۔ مشترکہ نسل 3۔ مشترکہ زبان اور رہائش 4۔ مشترکہ سیاسی مقاصد 5۔ مشترکہ رسم ورواج

سوال2: اسلام کا دوسرا رُکن کون سا ہے؟

جواب: اسلام کا دوسرا رُکن نماز ہے۔

سوال3: اسلام کا پانچواں رُکن کون سا ہے؟

جواب: حج اسلام کا پانچواں رُکن ہے۔

سوال4: حجۃ الوداع کے موقع پر حضور ﷺ نے مساوات کے بارے میں کیا فرمایا؟

جواب: حضرت محمد ﷺ نے اس حقیقت کو خطبہ حجۃ الوداع میں یوں بیان فرمایا ہے:

"اے لوگو! تم سب کا پروردگار ایک ہے اور تم سب آدم علیہ السلام کی اولاد ہو۔ پس کسی عربی کو عجمی پر، عجمی کو عربی پر، کسی گورے کو کالے پر اور کسی کالے کو گورے پر کوئی فوقیت حاصل نہیں۔"

سوال5: کرپس مشن کب اور کس کی قیادت میں برصغیر آیا؟

جواب: 1942ء میں حکومت برطانیہ نے سر سٹیفورڈ کرِپس (Sir Stafford Cripps) کی قیادت میں ایک مشن برصغیر آیا۔

سوال6: جنگ عظیم دوم کب شروع ہوئی اور کب ختم ہوئی؟

جواب: جنگ عظیم دوم 1939ء میں شروع ہوئی اور 1945ء میں ختم ہوئی۔

سوال7: سی۔ آر فارمولا سے کیا مراد ہے؟

جواب: مارچ 1944ء میں گاندھی اور راج گوپال اچاریہ نے ایک فارمولے کو حتمی شکل دی۔ اس فارمولے کو "سی۔ آر فارمولا" کہا جاتا ہے۔

سوال8: نو آبادیاتی نظام کسے کہتے ہیں؟

جواب: یورپی اقوام نے ایشیاء اور افریقہ کے دیگر ممالک پر اپنا اقتدار قائم کر کے جو نظام حکومت قائم کیا اسے نو آبادیاتی نظام کہتے ہیں۔

سوال9: کالی کٹ کے ہندو راجا نے پرتگالی جہاز رانوں کے ساتھ کیا کیا؟

جواب: کالی کٹ کے ہندو راجا نے پرتگالی جہاز رانوں کی خوب آؤ بھگت کی اور تجارت کے لئے خاصی مراعات دیں۔

سوال10: کاریز سے کیا مراد ہے؟

جواب: پہاڑی علاقوں میں بارش کے پانی کو جمع کر کے زمین دوز نالیوں کے ذریعے ایک جگہ سے دوسری جگہ لایا جاتا ہے۔ ان زیر زمین نالیوں کو "کاریز" کہتے ہیں۔

سوال11: گلیشیر سے کیا مراد ہے؟

جواب: زیادہ بلند علاقوں پر درجہ حرارت کم رہتا ہے جس کی بنا پر وہاں برف باری ہوتی رہتی ہے۔ جب ایک جگہ برف سالہا سال جمع ہوتی رہے تو نیچے والی برف سخت ہو جاتی ہے اور کم بلندی کی طرف سرکنے لگتی ہے، اسے گلیشیر کہتے ہیں۔

سوال 12: قدرتی خطے سے کیا مراد ہے؟

جواب: قدرتی خطے سے مراد ایسا علاقہ ہے جس میں سطح زمین کی بلندی، پستی، موسم، نباتات، حیوانات اور لوگوں کے رہن سہن کے طریقے وغیرہ ایک جیسے ہیں۔

سوال 13: دو آبہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: دو دریاؤں کے درمیان زمین کو دو آبہ کہتے ہیں۔

سوال 14: صحرا کسے کہتے ہیں؟

جواب: ایسا علاقہ جہاں سالانہ بارش 10 انچ سے کم ہو صحرا کہلاتا ہے۔

سوال 15: ماحول سے کیا مراد ہے؟

جواب: ہمارے اردگرد موجود تمام عوامل اور اشیاء جو ہم پر براہ راست اثر انداز ہوں، ماحول کہلاتی ہیں۔

سوال 16: شور سے کیا مراد ہے؟

جواب: غیر ضروری اور ناخوشگوار آوازیں شور کہلاتی ہیں۔

سوال 17: یونین کونسل اور یونین کمیٹی میں کیا فرق ہے؟

جواب: یونین کونسل بنیادی جمہوریتوں کا ابتدائی ادارہ تھا۔ اسے دیہی علاقوں کے لئے یونین کونسل اور شہری علاقوں میں یونین کمیٹی کہتے ہیں۔

سوال 18: بی ڈی ممبر کسے کہتے ہیں؟

جواب: یونین کونسل یا یونین کمیٹی میں ایک ہزار سے پندرہ سو ووٹر براہ راست اپنے میں سے ایک نمائندہ منتخب کرتے ہیں جس کو بی ڈی ممبر کہتے ہیں۔

سوال 19: ڈویژنل آفیسر کسے کہتے ہیں؟

جواب: مغربی پاکستان میں تحصیل کونسل اور مشرقی پاکستان میں تھانہ کونسل دوسرا مرحلہ تھا۔ اس کا چیئرمین ڈویژنل آفیسر کہلاتا تھا۔

سوال 20: معاشی ترقی سے کیا مراد ہے؟

جواب: معاشی ترقی سے مراد کسی پسماندہ معیشت کا ترقی یافتہ معیشت کی طرف گامزن ہونا ہے۔

سوال 21: عالمی ادارہ صحت کے مطابق تشدد کی تعریف کیجئے۔

جواب: عالمی ادارہ صحت کے مطابق تشدد جسمانی قوت یا جبر کا وہ ارادتاً استعمال ہے جس میں زخم، موت، نفسیاتی تکلیف یا کسی چیز سے محرومی ممکن ہو۔

سوال 22: بیگم رعنا لیاقت علی خان نے پاکستان میں عورتوں کی بہبود کے لئے کب اور کون سا ادارہ قائم کیا؟

جواب: بیگم رعنا لیاقت علی خان نے 1949ء میں پاکستان میں عورتوں کی اخلاقی، معاشرتی اور مالی بہبود کے لئے اپوا – APWA (All Pakistan Women Association) کے نام سے ایک ادارہ قائم کیا۔

سوال23: حسین شہید سہروردی کون تھے؟

جواب: حسین شہید سہروردی بنگال کے وزیر اعلیٰ تھے۔

سوال24: شہدائے پشاور کے لئے لکھی گئی نظم "تم زندہ ہو" کے شاعر کا نام لکھئے۔

جواب: شہدائے پشاور کے لئے لکھی گئی نظم "تم زندہ ہو" کے شاعر کا نام "امجد اسلام امجد" ہے۔

سوال25: قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ کب پیدا ہوئے؟

جواب: بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ 25 دسمبر 1876ء کو کراچی میں پیدا ہوئے۔

سوال26: خودکش حملہ آور کے سامنے دیوار بننے والے اعتزاز احسن شہید کو کون سا سول اعزاز دیا گیا؟

جواب: پاکستان کے بہادر بیٹے اعتزاز احسن کو تمغۂ شجاعت کے سول اعزاز سے نوازا گیا۔

سوال27: دہشت گردی سے کیا مراد ہے؟

جواب: دہشت گردی ایسا عمل ہے جس میں معصوم بے گناہ لوگوں کو انتہائی ظالمانہ انداز میں بلاوجہ مار ڈالا جاتا ہے۔

سوال28: دہشت گردی سے پاکستان کو کیا نقصان ہو رہا ہے؟

جواب: دہشت گردی سے پاکستان کو جانی، مالی اور قومی نقصان ہو رہا ہے۔

سوال29: اُردو ہندی تنازعہ کب اور کہاں پیش آیا؟

جواب: اُردو، ہندی تنازعہ 1867ء میں بنارس میں پیش آیا۔

سوال30: دہشت گردی سے بچنے کے لئے مکان کرایہ پر دینے سے پہلے کیا کرنا چاہیے؟

جواب: دہشت گردی یا کسی بھی قسم کے جرائم سے بچنے کے لئے ضروری ہے کہ جب کسی کو مکان کرایہ پر دیں تو کرایہ دار کے کوائف کی اچھی طرح جانچ پڑتال کر لیں اور مقامی پولیس اسٹیشن کو بھی اطلاع دیں اور کرایہ دار کے کوائف کی ایک کاپی بھی پولیس کو دے دیں۔

سوال31: قانون آزادیٔ ہند کب منظور ہوا؟

جواب: قانون آزادیٔ ہند 18 جولائی 1947ء کو منظور ہوا۔

سوال32: اعتزاز احسن کون تھا؟

جواب: اعتزاز احسن ہنگو کے علاقے ابراہیم زئی گاؤں کے سکول میں شہید ہونے والا نویں جماعت کا طالب علم تھا۔ اس نے خودکش حملہ آور سے لپٹ کر اس کا حملہ ناکام بنا دیا اور خود شہید ہو گیا۔

سوال 33: قراردادِ لاہور کس نے پیش کی؟

جواب: قراردادِ لاہور شیر بنگال اے۔ کے فضل الحق نے پیش کی۔ ☆☆☆☆☆

سوال نمبر		جواب	سوال نمبر		جواب
اضافی کثیر الانتخابی سوالات					
1۔	C	بیسویں	2۔	B	اسلامی نظام
3۔	C	انگریزی	4۔	B	اسلامی نظریہ حیات
5۔	C	زکوٰۃ	6۔	A	سرسید احمد خاں نے
7۔	C	چودھری رحمت علی نے	8۔	B	23 مارچ 1940ء کو
9۔	B	21 مارچ 1948ء کو	10۔	B	برطانیہ سے

11۔	A	1942ء میں	12۔	C	1939-1945ء
13۔	A	لارڈ ویول	14۔	A	دسمبر 1945ء میں
15۔	B	جنوری 1946ء میں	16۔	A	492
17۔	B	428	18۔	A	مسٹر حسین شہید سہروردی
19۔	D	1858ء میں	20۔	D	25 دسمبر 1876ء کو
21۔	C	11 ستمبر 1948ء کو	22۔	A	قائداعظم نے
23۔	D	1928ء میں	24۔	D	1929ء میں
25۔	A	اسلامی جمہوریہ پاکستان	26۔	D	ڈیورنڈ لائن
27۔	D	پاکستان اور چین کو	28۔	C	تخت سلیمان
29۔	B	جولائی سے ستمبر کے درمیان	30۔	B	چکور
31۔	C	کراچی	32۔	D	ماہی گیری
33۔	D	تین چوتھائی	34۔	A	تین فیصد
35۔	D	مولوی تمیز الدین	36۔	C	چار بلین
37۔	A	635	38۔	C	13 ماہ
39۔	B	1947ء میں	40۔	A	15 اگست 1947ء کو
41۔	D	1950ء میں	42۔	C	300
43۔	B	10	44۔	D	اُردو اور بنگالی
45۔	C	پچیس سال تک	46۔	D	اکتوبر 1958ء میں
47۔	D	مسئلہ کشمیر	48۔	D	23 ستمبر 1965ء کو

☆☆☆☆☆